"… یہیں کھل جاؤں گی۔ کیا معلوم کچھ پسند آ جائے تو۔ میرے پاس زیادہ پیسے بھی نہیں ہیں۔" اس …

"… کچھ اور لینا ہے تو میں چلوں؟" اس نے تھی میں سر ہلا دیا۔

"… میں کیوں باتیں کر رہی تھیں۔ وہ میرا آفس ہے کیا تمہارا؟" دونوں کی لڑائی ہوئی

UrduPhoto.com
UrduPhoto.com
UrduPhoto.com

"یہ کیا؟" شہوان فریدی اِدھر اُدھر ہوا تو شہزا نے جھجکی نظروں سے گھورا۔

"تمہاری دوستی بھی نہیں رہی تو لڑائی کیوں ہونے لگی۔" سمجھ سے دور بے چینی بڑھا ہوا تھا۔ اسے اس ماحول سے وحشت ہونے لگی تھی۔ شہوان فریدی مسکرا کر کارڈ لے آیا۔ مشہور گلوکار کی آواز میوزیم میں گونجنے لگی۔

تمہارے ہیں
کوئی دن
کر رہو کچھ بھی
اول سب پاس ہے
سب کچھ تمہارا ہے
کوئی دن

شہزا نے جھجکتی کم کر کے کارڈ لے لی۔ جب شہوان نے اس کی طرف بڑھائی تو اس نے انکار کر دیا۔ اس نے بے ساختہ اسے دیکھا۔

ستارہ سی جنہیں کہتے ہو
وہ آنکھیں تمہاری ہیں
جنہیں تم شاخ سی کہتے ہو
وہ بانہیں تمہاری ہیں
جنہیں تم پھول سی کہتے ہو
وہ باتیں تمہاری ہیں
کوئی دن

"ہم آئس کریم نہیں کھا رہے؟" شہزا کی اس پہ نظر پڑی۔

"سمجھا نہیں ہے۔"

"شہزا! تم یہاں ہو۔ میں کتنی دیر سے تمہیں ڈھونڈ رہی ہوں۔" [illegible] سے یہ جملہ دونوں نے بغور سنا۔ شہزا نے پیچھے [illegible]

"کون ہیں یہ۔ تعارف نہیں کرواؤ گے؟" وہ لوا سے گویا تھی۔

"[illegible] رجاحت علی زیدی ہیں، میری فرسٹ کزن۔ دونوں فرینڈز ہیں اور یہ عظمیٰ ہے۔"

باقاعدہ باضابطہ تعارف کروا رہا تھا۔ چہرے سے ناگواری عیاں تھی۔ ذرا سے رجاحت نے شہوان کو مخاطب کر کے [illegible] دی۔ عظمیٰ نے [illegible] کی بات [illegible] کی بھی ضرورت محسوس نہ کی۔ وہ کون سا مری جا رہی تھی۔

"مجھے کارڈ بہت پسند ہے۔" عظمیٰ نے مکمل استحقاق سے کارڈ اس کے ہاتھ سے کھینچ لی۔ شہزا نے جلا کر اسے گھورا مگر وہ نظریں سامنے جمائے کھڑی تھی۔ انداز ایسا تھا جیسے اس نے کچھ بھی نہ دیکھا ہو۔

"یہ تمہیں کمال ہے۔" اس نے اپنی کارڈ زبردستی رجاحت کو تھما دی۔ عظمیٰ نے سلگتے ہوئے اس منظر کو دیکھا تھا پھر وہ جھٹکے سے مڑ گئی۔

"کون تھی یہ؟" شہزا نے کریدا۔

"کیمپس میں کورس کر رہی ہیں۔" اس نے گول مول سا جواب دیا۔ وہ بل کھا کر رہ گئی۔

"شہزا! آگے چلتے ہیں۔ یہاں سے تو شکر کی شکل بھی نظر نہیں آ رہی ہے۔" شہزا کا ہاتھ پکڑے وہ لوگوں کے جم غفیر سے آگے نکل گئی۔ شہوان فریدی نے کارڈ کو ڈسٹ بن میں ڈالتے دیکھ کر غصے سے اس کی پشت کو دیکھا۔ اس کی حد درجہ لاتعلقی اس کی سمجھ سے باہر تھی۔ رجاحت علی زیدی ایک پہیلی تھی جو اس سے حل نہ ہو پا رہی تھی۔ کچھ دن پہلے وہ جس قدر قریب نظر آئی تھی۔ اب اتنی ہی دور لگ رہی تھی۔ وہ اس کا انداز سمجھنے سے قاصر تھا۔ اب بھی اسے چھوڑ کر وہ آگے بڑھ گئی تھی۔ شو بہت زبردست ہوا تھا۔ وہ پارکنگ سے بلیک آلٹو نکال لائی تو اک بار پھر شہوان فریدی سے سامنا ہو گیا۔

"[illegible] رات [illegible] گئی ہے۔ میرے ساتھ چلو۔" وہ [illegible] فکرمند تھا۔

"ہم اکیلے آئے تھے اور اکیلے ہی جائیں گے۔" [illegible] سے آلٹو نکال لے گئی۔ کھڑکی میں جھکا وہ بے ساختہ پیچھے ہٹا۔

"[illegible] کیا ہو گیا ہے؟" شہزا اس کے انداز دیکھ [illegible] رہی تھی۔ اتنی روڈ اور بدتمیز تو وہ کبھی نہیں رہی تھی۔

ذہن میں کسی کا احساس کیوں
ابھر رہا ہے۔

"شمعون ٹھیک کہہ رہا تھا۔ رات کافی ہو گئی ہے
[illegible] کے ساتھ چلے جانا چاہیے تھا۔" "مجھے نہیں
[illegible] کوئی پہلی دفعہ تھوڑے نکلے ہیں۔" شمعون لاپروا سا
[illegible] تھیں وہ دونوں [illegible] سے نکلے ہی تھے کہ ان کی ایک
سنسان سڑک پر گاڑی خراب ہو گئی تو اس کے ہاتھ
پاؤں پھولنے لگے۔ وہ دونوں گاڑی کو ایک طرف کر چکی تھیں مگر
ابھی اس مشکل میں تھیں۔ رات گہری ہو رہی تھی۔
وہ پریشان ہو گئیں۔ اس سے پہلے کہ وہ دونوں روڈ پر تھیں
ایک گاڑی تیزی سے گزرتے ہوئے ان کے پاس
رکی۔ شمعون سرعت سے ان کی طرف گیا۔
"آپ لوگ ٹھیک ہیں؟" وہ ان کا استفسار کر رہا تھا۔ شہزاد نے
[illegible] تو اس وقت بھی نہ رہی تھی۔ اس
کے اوسان ابھی تک خطا تھے۔ عورت کتنی ہی [illegible]
[illegible] بعض مقامات پر [illegible]
[illegible] اسے سوچ ہی [illegible] کر رہی تھی کہ اگر
وہ ان کی مدد کو نہیں آتا تو کیا ہوتا۔ یقیناً "آپی بے
وقوفی کا خمیازہ اسے عمر بھر اٹھانا پڑتا۔"
"تھینکس گاڈ آپ آ گئے۔ مجھے تو سوچ کے ہی
جھرجھری آ رہی ہے۔" شہزادی کہہ رہی تھی۔ وہ خاموش
بیٹھی تھی۔ اسے ڈراپ کر کے اس نے گاڑی کی رفتار کم
کر دی اور اس کے گم صم انداز پہ اک گہری نظر ڈالی۔
"زندگی میں ایسے کئی [illegible] رونما ہوتے رہتے ہیں۔
ان سے خوفزدہ ہونے کے بجائے ان سے سبق حاصل کرنا
چاہیے تاکہ مستقبل میں ایسے کسی [illegible] سے بچا جا
سکے۔" وہ اسے اس [illegible] سے باہر لانا چاہ رہا تھا [illegible]
[illegible]
[illegible] میں ذرا [illegible] تھا۔ وہ جانتا تھا کہ وہ ملامت کرے گی۔
[illegible]
[illegible] ایک [illegible] رہا تھا۔ وہ
گاڑی [illegible] کھڑے [illegible] گیا۔
[illegible]
[illegible] وقت وہ ہماری نظر کا دھوکا ہوتا ہے۔ ہم اپنے

آپ کو بھی ٹھیک سے کچھ نہیں پتا۔" بچی جھنجلا
کی الجھن [illegible] ہوئے اس کے چہرے کو [illegible] رہا
تھا۔ وہ اندر جانے والے راستے کی طرف مڑ گئی۔

○ ○ ○

فاصلے کی خلیج ایک بار پھر ان کے مابین حائل ہو
گئی۔ وہ اسے پڑھاتا رہا اور [illegible]
گئے۔ شمعون نے اس پہ بہت محنت کی تھی۔ اسے امید
واثق تھی کہ وہ ضرور پاس ہو جائے گی۔ رزلٹ اناؤنس
ہونے میں وقت تھا۔ اس نے اپنے ذرائع سے
پہلے ہی [illegible] رزلٹ کنفرم کر لیا۔ وہ
لاؤنج میں بیٹھی مووی دیکھ رہی تھی۔ تب ہی وہ
ہوا داخل ہوا۔
"پیپرز کیسے ہوئے تھے تمہارے؟" وہ [illegible]
[illegible] سے استفسار کر رہا تھا۔
"اچھے ہوئے تھے۔" اس نے ٹی وی آف کر دیا۔
"کتنے اچھے ہوئے تھے۔ پولیٹیکل سائنس میں
چار، اکنامکس میں تین، سوشیالوجی میں دو، اسلامک
ہسٹری میں بارہ اور انگلش میں بتیس نمبر حاصل کیے
ہیں آپ نے۔ صرف انگلش میں پاسنگ مارکس ہیں۔
کیا ضرورت تھی اسے کلیئر کرنے کی؟ چاروں پیپرز کی
طرح اس میں بھی "شاندار نمبر" سے فیل ہوتا تھا۔
تمہیں پڑھنا نہیں تھا تو مجھے بتا دیتیں۔ تمہارا تو نہیں مگر
میرا بہت نقصان ہوا۔ میں نے تو چاہا تھا [illegible]
رہا تھا۔ تم پڑھنے والی لڑکیوں میں سے ہو ہی نہیں [illegible]
ضد [illegible] میں نے تم جیسی [illegible] لڑکی کو پڑھانے
میں اپنا قیمتی وقت ضائع کیا۔ جب پڑھنے کا موڈ نہیں
تھا تو [illegible] کر رہی ہو۔ اگر [illegible] کے ساتھ
ڈگری لگانے کا اتنا ہی شوق ہے تو مجھ سے [illegible]
کی ڈگری تمہارے لیے خرید لاتا ہوں۔ تمہیں پڑھنے
کی ضرورت ہی کیا ہے۔ 'معروف بزنس مین کی دختر
نیک اختر ہو۔ جس کا بزنس روپوں سے بھرا رہتا ہے
[illegible] روپے لٹانے کا خبط ہے۔ تم کیا
جانو [illegible] اور تعلیم کی اہمیت پوچھنی ہے تو [illegible]

مجبور لڑکیوں سے پوچھو جو پڑھنا چاہتی ہیں مگر ان کے پاس وسائل نہیں۔ ساٹھ واٹ کے بلب کی روشنی میں اپنا چین، سکون، نیند قربان کر کے پڑھتی ہیں۔ آنے والے کل میں انہیں صرف امتحان دینا نہیں ہوتا، روٹی کی فکر بھی ہوتی ہے۔ تم تھوڑی سی دریا دلی دکھاؤ اور ان پیسوں سے ان لڑکیوں کی مدد کرو جو پڑھنا چاہتی ہیں۔ کسی غریب کی مدد کر کے کم سے کم دعا ہی لے لو۔ تم کیمسٹری پڑھ کر کیا کرو گی؟ سونے کا چمچ لے کر پیدا ہوئی ہو۔ باپ کے روپوں پہ عیش کر رہی ہو۔ پھر آگے کوئی کاٹھ کا الو مل جائے گا۔ تمہاری تو ساری انگلیاں گھی میں ہیں۔

لعنت ہے مجھ پہ، جو چاچی کے کہنے پہ اپنا وقت برباد کرنے یہاں چلا آیا تھا۔ رجاحیت علی زیدی صاحبہ! کبھی سوچا ہے اپنے باپ کے لیبل کے سوا آپ کے پاس اپنی کوئی پہچان یا مقام ہے؟ میں بھی کتنا پاگل ہوں جو تم سے یہ سب کہہ رہا ہوں، جانتا ہوں کہ تم جیسی لڑکی صرف باپ کے پیسوں پہ عیش کر سکتی ہے۔" کتنے سنسناتے تیر وجود میں اتر گئے تھے۔ وہ اپنا سارا غصہ نکال کر جا چکا تھا اور وہ بیٹھی کی بیٹھی رہ گئی، بے حس و حرکت۔ یوں لگ رہا تھا جیسے ذہن میں آندھی آ گئی ہو۔ رزلٹ توقع کے برخلاف نہیں تھا۔ اس نے پیپر میں کچھ لکھا ہوتا تب نمبر آتے نا۔ "رزلٹ اناؤنس ہوا۔ اس کا رزلٹ وہی تھا جو شمعون بتا کر گیا تھا۔ ماما، پاپا مارکس شیٹ دیکھتے تاسف سے سر ہلا رہے تھے اور زندگی میں پہلی بار اسے ندامت ہوئی تھی۔ ماما، پاپا نے کچھ نہیں کہا تھا مگر وہ ان کے جھکے سر دیکھ رہی تھی۔ اس واقعہ کے بعد شمعون سے سامنا نہیں ہوا تھا۔ ماما کی زبانی علم ہوا کہ وہ اسلام آباد گیا ہوا ہے۔ کراچی میں چار کیمپس کی بڑھتی مقبولیت کے بعد اس کا پلان پاکستان کے ہر شہر میں اپنا کیمپس کھولنے کا تھا۔ اسلام آباد میں زمین خرید لی تھی اور اب عمارت تعمیر ہو رہی تھی۔

رجاحیت علی زیدی کے اندر انقلابی تبدیلیاں رونما ہونے لگی تھیں۔ بی اے کے فائنل ایگزام میں چھ ماہ تھے اور وہ یوں پڑھ رہی تھی جیسے کل ہی پیپر دینے جانا ہو۔ ایگزامینیشن فارم میں دونوں ابرو کے بیچ دیکھتے ہوئے اسے اپنی اب تک کی دیوانگی پہ رونا آ رہا تھا۔ جو شاذ ہی کالج جاتی تھی۔ اب کالج سے واپس لوٹنا گراں گزرتا تھا۔ فری پیریڈ میں سارا وقت لائبریری میں بیٹھ کر ریفرنس بکس سے نوٹس بناتی رہتی تھی۔ چھٹی کے وقت ساری لڑکیاں چلی جاتی تھیں مگر وہ لائبریری میں اکیلی لڑکی ہوتی تھی۔ مجبوراً لائبریرین کو بتانا پڑتا تھا کہ لائبریری بند کرتا ہے۔ جب بھی پڑھتے پڑھتے تھک جاتی۔ تھوڑی دیر سستانے کو تکتی تو شمعون فریدی کی آواز کوڑے کی طرح چمڑی ادھیڑ ڈالتی۔ "تم جیسی لڑکی کچھ نہیں کر سکتی۔" اور یہ جملہ وجود کو بھڑکتے الاؤ میں دھکیل دیتا تھا۔ پھر اک جنون رگ رگ میں دوڑنے لگتا۔ وہ کس قدر ذہین تھی یہ اس پہ اس وقت کھلا جب بچوں نے اس کے بنائے اسائنمنٹ کی تعریف کی۔

بالآخر وہ دن بھی آ گیا۔ جس کے لیے اس نے بھرپور تیاری کی تھی۔ پیپرز توقع سے زیادہ شاندار ہوئے تھے۔ سب متحیر رہ گئے۔ حیرت تو اسے بھی ہوئی تھی کہ پہلی پوزیشن کیوں نہ بنی۔ "ریکارڈ" کے برخلاف رزلٹ نے سب کو بے حد خوش کیا تھا۔ ماما، پاپا، چچی جی، تایا جی سب اسے سراہ رہے تھے۔ نیٹ سے رزلٹ کنفرم کر کے ماہ وش نے رات اسے کال کی تھی۔ سمیعہ، ردا، تانیہ، حمید سب نے اسے مبارکباد دی تھی۔ سب خوش تھے اور وہ سب کا ساتھ دیتے کسک محسوس کر رہی تھی۔ سرہانے رکھے کارڈلیس پر نظریں جمائے وہ ساری رات شدت سے بیل کی منتظر رہی۔ خاندان کے جتنے لوگوں کو خبر ہوئی سب نے کال کر کے مبارکباد دی تھی مگر ایک شخص نے نہیں دی۔

"کیا اسے خبر نہ ہوئی ہوگی؟ وہ کمپیوٹر کا کیڑا، کیا اسے کوئی مشکل ہو سکتی ہے، رزلٹ کنفرم کرنے میں؟" اس کی خاموشی نے اسے کھولتے تیل میں ڈال دیا تھا۔ آئی ٹی کی بڑھتی ہوئی مانگ کے پیش نظر اس نے کورس کرنے کا ارادہ باندھا تھا۔ ہارٹ بریکنگ

انسٹیٹیوٹ کی اس نے بڑی تعریف سنی تھی۔ کالج کی ہر دوسری لڑکی وہیں سے کورس کرنے کی کوشش کر رہی تھی۔ اسے یونہی دلچسپی ہوئی تھی اس انسٹیٹیوٹ میں۔ جم کی طرح بڑا ہی زبردست سیٹ اپ تھا۔ وال پینٹنگ کمال تھا۔ بے حد خوب صورت ریسیپشنسٹ کو دیکھ کر اس نے نازش سے کہا تھا۔

"بڑا حسن پرست بندہ لگتا ہے۔ کورس کرنے سے زیادہ مجھے تو اس انسٹی ٹیوٹ کے اونر کو دیکھنے کا اشتیاق ہو رہا ہے۔" نازش ریسپشن سے فارم لے رہی تھی۔ اس نے ہارٹ بریکنگ سے جڑا نام دیکھا تو چکرا گئی۔ "محسون فریدی" آج تک اس نے کبھی ضرورت محسوس نہیں کی تھی اس کے انسٹیٹیوٹ کے بارے میں جاننے کی اور اب وہ حیرت زدہ رہ گئی تھی۔

"یہی وہ مقبولیت ہے جس نے تمہارا دماغ عرش معلیٰ پہ پہنچا دیا ہے۔ تب ہی تمہیں اپنے سامنے سب کیڑے مکوڑے لگتے ہیں۔" نازش اسے آوازیں دیتی رہ گئی مگر وہ یوں بھاگ نکلی جیسے بدروحیں چمٹ جائیں گی۔ اسلام آباد میں انسٹی ٹیوٹ اسٹیبلش ہو چکا تھا۔ آج کل اس کی رہائش وہیں تھی۔ مہینے میں ایک بار وہ کراچی کیمپس کا جائزہ لینے آتا تو گھر والوں سے ملاقات ہو جاتی۔ نانی جی کا مسکن بھی اسلام آباد میں تھا سو اکثر و بیشتر نانی جی بھی اس سے ملنے چلی جاتی تھیں۔ یہ ساری خبریں اسے ماما سے ملا کرتی تھیں۔ بس ایک اسی سے اس کا سامنا نہیں ہو رہا تھا۔ جب تک یونیورسٹی میں داخلے شروع ہوئے۔ تب تک اس نے دوسرے سینٹر میں ایڈمیشن لے لیا۔

UrduPhoto.com

میڈیا سے دلچسپی کے پیش نظر ماسٹرز میں اس نے ماس کمیونیکیشن کا انتخاب کیا۔ [illegible] فارغ اوقات میں وہ مختلف اخبارات میں [illegible] کیا کرتی۔ دیگر سرگرمیوں میں مصروف رہنے کے باوجود وہ ماسٹرز [illegible] کہ بچارا انسان اور جنون جب اک ریس میں دوڑ لگائے تو خبر نہیں رہتی کہ کتنا راستہ طے ہوا۔ بس آگے کی فکر رہتی ہے کہ قلعہ کیا فتح؟ اس کی انتھک محنت رنگ لے آئی۔ ماسٹرز کی ڈگری ہاتھ میں لے کر وہ بے ساختہ رو دی تھی۔ یہ [illegible] بے جان ٹکڑا اس کے جنون کا حاصل تھا۔ اس کی زخم خوردہ انا کا مرہم تھا۔ مستقبل کا سہارا تھا۔ اسی بے جان ٹکڑے کے لیے اس نے ذہنی سکون کی بھینٹ چڑھائی تھی۔ شاپنگ، کنسرٹ، پکنکس ہر شوق کو قربان کیا تھا۔ اس نے عرصہ پہلے سوچنا چھوڑ دیا تھا کہ کیا پایا کیا کھویا؟ یاد تھا تو صرف اتنا کہ اپنے نام سے اپنی پہچان بنانی ہے۔ اس کا جنون رنگ لے آیا۔

اس دن۔ اخبار پڑھتے ہوئے اس کی نظر "نیو میل نیوز کاسٹر کی ضرورت ہے" کی خبر پر پڑی۔ اس نے فوراً اپلائی کر دیا۔ اسے آڈیشن کے لیے بلایا گیا۔ وہ آڈیشن دینے گئی۔ لڑکیوں کی تعداد اچھی خاصی تھی۔ رزلٹ کے لیے دس دن کا ٹائم دیا گیا تھا۔ گو کہ اسے کچھ زیادہ امید نہیں تھی۔ وہاں بیٹھا ہر شخص عمر اور تجربے میں اس سے کہیں زیادہ تھا۔ ریجیکٹ بھی ہو جاتی تو اک تجربہ ہی ہوتا۔ دس دن بعد جب اسے سلیکٹ ہونے کی نوید دی گئی تو اک پل کو وہ اپنی جگہ جم گئی۔ پھر ٹریننگ پیریڈ سے گزرنا پڑا۔ مختلف مراحل سے گزر کر آج آن ایئر تھی۔ سب نے ہی اسے سراہا تھا۔ ماما بھی جگمگاتی نگاہوں سے اسے دیکھ رہی تھیں۔

"شوکی! کہاں تو تمہیں پڑھنے سے نفرت تھی اور کہاں یہ بڑے بڑے معرکے مارے جا رہے ہیں۔ یہ انقلاب کیونکر؟" شیزہ استفسار کر رہی تھی۔

"پہلے بے عمل، بے مقصد تھی زندگی۔ اب اک مقصد ہے کہ جتنا ہو سکے اپنے عمل سے دوسروں کو فائدہ ہو۔ بدلتے معاشرے پہ اپنے افکار و خیالات کو [illegible] کے لیے میں نے میڈیا کا سہارا لیا ہے۔ جانتی ہوں میرا قلم، میری آواز انقلاب نہیں لا سکتی مگر ان کی دشت پہ بارش کے قطرے جتنی تو ہو گی۔ زندگی لگتا ہے کہ میں اب گزار رہی ہوں۔ پہلے خود فریبی کے جنگل میں بھٹک رہی تھی۔ شکر کہ "کسی نے مجھے

مجھے بڑی مصلحتوں سے روشناس ہونے کا موقع
ملا ہے کہ اس کے عوض میں اپنی تمام زندگی
بھی دے سکتی ہوں۔ اب سب کچھ [illegible] گئی ہوں
[illegible] ہے کہ ہم لڑکیوں کو اپنے اپنے
[illegible] کے بارے میں سوچنا چاہیے۔"
"[illegible] ہے۔ جب ہی تو میں نے ڈاکٹر شہریار کے
[illegible] میں کہہ دیا اگر وہ ڈاکٹر کی بیوی کہلانا
[illegible] تو شوق آج بھی ان کی بات کی منتظر ہے۔" وہ مسکرا [illegible]

[illegible] خاندان کے دیگر لوگوں نے فون کر
کے مبارکباد دی تھی۔ [illegible] حمید خالہ کی بھی
[illegible] کال آئی تھی۔ حمید خالہ نے بھی خوشی کا
اظہار کیا تھا۔ تائی جی، نانو جی بار بار اسے سراہ رہے
تھے۔ سب ہی کچھ نہ کچھ بول رہے تھے۔ پر خوشی تھی
ایک ہی طرف۔ شہوان فریدی سے ابھی تک سامنا نہیں
ہوا تھا۔ پھر کار واپس لوٹتے ساری رات بیت گئی۔

○ ○ ○

زندگی بڑی تیزی سے گزر رہی تھی۔ آرٹیکل
[illegible] زندگی اپنی تین [illegible] کے
گرد میں گھوم رہی تھی۔ پھر اس نے سنا شہوان فریدی
[illegible] ہے۔ [illegible] نانو جی کے پورشن میں موجود تھے
اور وہ کمرے میں بیٹھی آرٹیکل لکھ رہی تھی تقریباً
[illegible] ہو گیا تھا اسے آئے [illegible] لوگوں کا سامنا نہیں ہوا
[illegible] رحمانیت علی زیدی اس سے ملنے گئی [illegible] نے اس
[illegible] ملاقات کے [illegible] اسٹیریو پر کوئی نغمہ
بجنے کی آواز سے بج رہا تھا۔ آنکھیں موندے وہ خود کو
[illegible]
[illegible] آرٹیکل بھیجنا تھا۔
[illegible]
[illegible] انداز میں
گزاریں۔
[illegible]
کی مسلسل کے مقابل بیٹھ گئیں۔

"تانی! میں تم سے ایک خاص بات کرنے آئی
ہوں۔ تم جانتی ہو کہ میں نے شادی اور تم سے روایتی
[illegible] بھی نہیں [illegible]"
"[illegible]"
"تم فریش ہو کر آؤ۔ کیا تم نے لائف پارٹنر کا
انتخاب کر لیا ہے؟" وہ ماں کی شکل دیکھتی رہی۔
"آپ حیران کیوں ہو رہی ہو؟ شادی تو کرنی ہے۔
اب بتاؤ کیا تمہاری کمٹمنٹ ہے کسی سے؟" اس
نے سنبھل کر نفی میں سر ہلایا۔
"ہمارے انتخاب پر تمہیں کوئی اعتراض تو نہ ہو
گا؟"
"آپ جلدی کیا ہے ماما؟" اسے الجھن ہونے لگی۔
"تم اپنی پسند سے کرنا چاہتی ہو؟"
"کب میں نے کب کہا۔ آپ لوگوں کی پسند میری
پسند ہو گی۔"
"تمہاری تائی اور نانو جی آئی تھیں کل شہوان کا
پرپوزل لے کر۔ تمہیں کوئی اعتراض تو نہیں؟" وہ جو
اقرار کر چکی تھی۔ دھک سے رہ گئی۔ شہوان فریدی وہ
جیسس بندہ جو اپنے سامنے کسی کو کچھ گردانتا نہیں۔
وہ جس نے اس کی انا کو کچل دیا تھا۔ وہ جسے آئے مہینہ
بھر سے زیادہ ہو گیا تھا اور وہ اس سے ملنے نہیں آیا۔
اس کا پرپوزل؟" اگلے ہی لمحے اس نے نفی میں سر ہلا
دیا۔
"آپ لوگ جس سے کہیں گے میں اس سے
شادی کرنے کو تیار ہوں مگر شہوان تو نہ۔" ماما نے
انکار کی وجہ پوچھی۔ مگر اس کا یہی جواب تھا۔
"کسی سے بھی کر دیں مگر اس سے نہیں۔" ماما
[illegible] کر چکی تھیں۔ پھر تائی کو انکار کروا دیا اسے
لگ رہا تھا۔ تائی جی نانو جی کی محبت میں کمی آجائے گی
مگر انکار کے بعد بھی ایسا کچھ نہ ہوا۔ مقدر کے سکندر
شہوان فریدی نے انکار سن کر کیا ری ایکٹ کیا ہو گا وہ
تصور کر سکتی تھی۔

○ ○ ○

[illegible] سے باہر آئی تھی۔ وہ نیوز میں

UrduPhoto.com

"بارش کا امکان ہے" پڑھ کر اسٹیشن سے گھر کے لیے نکلی۔ تب ہی زوروں کی بارش شروع ہو گئی۔ موسم کی مناسبت سے وہ گنگنا بھی رہی تھی بارش سے لطف اندوز ہوتے ڈرائیو کر رہی تھی۔ شام کے آٹھ بج رہے تھے مگر دھند کی چادر گہری رات کا منظر پیش کر رہی تھی۔ موسم کی رعنائی سے حظ اٹھاتے سفر کر رہی تھی۔ تبھی ایک شریر لا جھٹکے کھا کر بند ہو گئی۔ سوئی اس کی غفلت کا چیخ چیخ کر اعلان کر رہی تھی کہ پٹرول کی ٹنکی خالی ہو چکی ہے۔ سنسان ایریا، برستی بارش، گرجتے بادل اور گھپ اندھیرے نے موسم کی ساری رعنائی کھو دی۔ اب تو اسے گھر پہنچنے کی فکر ستا رہی تھی۔ کافی دیر گاڑی کے اندر بیٹھی رہی کہ کوئی رکشہ، ٹیکسی گزرے مگر موسم انجوائے کرنے کے چکر میں اس نے لمبا اور سنسان راستہ اختیار کیا تھا۔ اب یہی انجوائے منٹ بھاری پڑ رہی تھی۔ آسمان کے تیور ہنوز بگڑے ہوئے تھے۔ بارش رک جاتی تو وہ آگے اسٹاپ تک تو جا سکتی تھی۔ قریب ہی کسی پیٹرول پمپ کے آثار بھی نظر نہیں آ رہے تھے۔ دفعتاً شیشے پہ دستک دی گئی۔ وہ ایک دم سے ڈر گئی۔ کچھ سال پہلے کا واقعہ ایک دم سے یاد آ گیا۔ دستک اک بار پھر ہوئی تھی۔ گلاس پہ پانی کے قطرے جا بجا پڑے تھے جس کے باعث اسے صرف اک ہیولہ ہی نظر آیا۔ دستک دینے والے کو بھی احساس ہوا اس نے چوڑی ہتھیلی سے شیشے پہ بکھری بوندوں کو سمیٹا۔ اب کے وہ اپنی جگہ سے ہل ہی نہ پائی۔ اجنبی کو اس کے اسٹیچو بننے پہ غالباً غصہ آ گیا تھا تب ہی اس نے شیشے پہ زور سے ہاتھ مارا جیسے شیشہ [illegible] لاک کھولو۔ اس نے خاموشی سے شیشہ نیچے کر دیا۔

"ہیلپ مل سکتی ہے۔ دراصل وہ میری گاڑی کا ٹائر پنکچر ہو چکا ہے [illegible] لڑکی کی گاڑی پہ پڑا تھا۔"

"پٹرول نہیں ہے گاڑی میں" [illegible] نے کہا۔

"دوسرا ٹائر ہے گاڑی میں؟" اس نے نفی میں سر ہلایا۔

"میری گاڑی بھی کافی دور ہے۔ جانے اور پھر گاڑی سے ٹول نکالنے میں کافی دیر ہو جائے گی۔ رات بھی کافی ہو رہی ہے۔ دس منٹ کی واک پہ اسٹاپ ہے۔ میرا خیال ہے ہمیں وہیں چلنا چاہیے۔" گاڑی لاک کر کے وہ خاموشی سے باہر نکل آئی۔ تیز پھوار نے اگلے ہی پل اسے شرابور کر دیا۔ برستا بھیگتا موسم جسم میں جھرجھری سی دوڑا گیا۔ وہ جارجٹ کے سوٹ میں کپکپا رہی تھی۔ اسٹریٹ لائٹ کی ناکافی روشنی میں بجلی چمکتی تو پل بھر کو ہر چیز روشن ہو جاتی۔ چھم چھم برستے پانی کی دلفریب موسیقی ہر اٹھتے قدم پہ ردھم پیدا کر رہی تھی۔ اس کے کپکپاتے وجود کو اس نے اک نظر دیکھا پھر اپنے سراپے پہ بلو جینز اور بلو شرٹ کو دیکھتے ہوئے وہ مسکرا دیا۔

"سین تو خاصا افسانوی ہے لیکن افسوس میرے پاس کوئی جیکٹ نہیں ہے جو میں تمہیں دے سکوں۔ اگر مجھے خبر ہوتی کہ آج بارش ہونے والی ہے یا تم مجھے سر راہ مل جاؤ گی تو یاد سے جیکٹ لے کر آتا۔ ویری اپ ڈیٹ تم پہلے نہیں پڑھ سکتی تھیں۔" اس کے سنگ قدم اٹھاتے وہ از حد مسرور نظر آ رہا تھا۔ اس نے گردن موڑ کر اسے دیکھا پھر دیکھتے ہی گیا۔ بارش کے شفاف قطرے بوندوں کی شکل میں اس کے صبیح چہرے پہ بکھرے خود پہ نازاں دکھائی دے رہے تھے۔ ماحول میں بھیگی پراسرار لیکن معنی خیز خوشی طاری تھی۔ گویا کہیں دور سے ہوا کی لے پہ درد بھری آواز آ رہی تھی۔

بھیگی سی اک رات میں
لے گئی کیا ساتھ ہو
دھڑکنیں جو ہمیں گننے لگی ہیں
فاصلہ بھی کھوئے درمیان
کب چاہی کی بات ہے
دھڑکنیں جو ہمیں گننے لگی ہیں
دیکھو شو سنو
خاموشی گنگنانے لگی ہے

خموشی کی گفتگو ہر کسی کو سمجھ نہیں آتی۔ سو آج
اس نے بھی لفظوں کا سہارا لینے کی ٹھان لی۔
پکار غیر معمولی تھی۔ وہ بے حد چونک کر اسے دیکھ رہی تھی۔

"شروع سے ہم دونوں کے بیچ اک ان جانی خلیج حائل رہی اور یہ خلیج کیوں حائل رہی یہ صرف ہم دونوں ہی جانتے تھے۔ آج میں اس "کیوں؟" کا جواب دینے لگا ہوں۔ تمہیں کہیں لگے کہ میں غلط کہہ رہا ہوں تو تم مجھے ٹوک دینا۔" اس کا لہجہ قطعی تھا۔ "میں نے جب سے ہوش سنبھالا خود کو محبتوں کے حصار میں پایا۔ سب مجھ پہ جان وارتے تھے مگر یہ حسین دور بہت کم دورانیہ پہ مشتمل رہا۔ صرف سات سال پھر اس کے بعد تم اس دنیا میں آگئیں تو گھر کے تمام مکینوں کی محبت انتہا پالیں۔ میں سات سال کا تھا۔ حسد، جلن جیسے جذبوں سے نابلد تھا مگر تم مجھے اچھی نہیں لگتی تھیں۔ تم غاصب تھیں جس کے آنے کے بعد سے سب مجھ سے بدل گئے تھے۔ تم پر سب کی توجہ نے مجھے تم سے متنفر کر دیا۔ اس وقت میرے معصوم ذہن نے مجھے سمجھایا کہ میں کچھ ایسا کام کروں کہ سب تمہاری جگہ مجھے امپورٹنس دیں۔ خود کو منوانے کا واحد ذریعہ تعلیم تھا۔ پڑھائی میں اچھا تو میں شروع سے تھا۔ اب میں نے جی جان لگا دیا اور نتیجہ حسب حال تھا۔ گھر والوں اور ٹیچرز کی تعریف مجھے اچھی لگ رہی تھی۔ اس دن میں نے دیکھا تھا تم بھوک سے رو رہی تھیں۔ مگر سب میری خوشی میں تمہاری طرف سے غافل ہو گئے تھے۔ تم پر ترس آنے کے بجائے مجھے تمہارے رونے سے خوشی ہوئی کہ یہ سلسلہ چل نکلا۔ تم بھی اسکول جانے لگیں۔ تمہارے اندر کوئی مقابلہ بازی کی لگن نہیں تھی۔ سو تم پاس ہونے لگیں۔

تم جیسے جیسے بڑی ہو رہی تھیں [illegible] تھیں۔ تمہارا رزلٹ خراب ہونے لگا مجھے خوشی ہوتی تھی جب سب مجھے سراہتے اور تمہیں ڈانٹتے تھے۔ میں تمہیں اگنور کرتا رہا مگر جب میں تمہاری [illegible] تو چونک گیا۔ ایسا کیوں؟ یہ سوال مجھے اکثر تنگ کرنے لگے۔ کسی کی بات کا تم پر اثر نہیں ہوتا تھا۔ فیل ہو کر تم خوش ہوتی تھیں۔ تمہیں شرم دلانے کو سب میری مثال دیتے تھے بجائے مجھ سے حسد اور مقابلے کے تم خوشی خوشی فیل ہو گئی تھیں۔ مجھے دنیا کی خبر ہو نہ ہو مگر میں تمہاری خود کی بے زاری سے واقف تھا کہ تم بھی بے خبر رہتی تھیں۔ تمہارا لا تعلق رہنا ہی مجھے چونکا گیا۔ مجھے لگتا تھا ضرور کچھ "گڑبڑ" ہے۔ مجھے اک وہم سا ہو گیا تھا کہ [illegible] لیکن یہ مجھے اپنی خام خیالی لگی۔ اس خیال سے پیچھا چھڑانے کی میں نے بھرپور کوشش کی مگر ایسا نہ ہوا۔ پھر جب چاچی بتلا رہی تھیں کہ ایک سال میں تم نے تیسرے ٹیوٹر کو بھی بھگا دیا تو میں نے چاچی سے کہا کہ میں تمہیں پڑھایا کروں گا۔ یہ فقط اک بہانہ تھا تمہارے قریب رہنے کا۔ تمہیں قریب سے پرکھنے کا۔ پڑھانے سے پہلے میں نے ان پچھلے ٹیوٹرز سے صرف شک دور کرنے کو ملاقات کی تھی۔ انہوں نے کہا تم پڑھنا ہی نہیں چاہتیں۔ مجھے پھر بھی یقین نہ ہوا تم بڑی بے دلی سے پڑھنے روز آتی تھیں۔ میری طرف دیکھ بھی نہیں رہی تھیں۔ اسی وقت میں نے طے کیا تھا تمہیں "چیک" کروں گا اور جب [illegible] تم نے "علم" [illegible] سنا تو تمہارے چہرے کے رنگوں نے میرے شک کو یقین کا روپ دے دیا۔ اس دن تمہاری شخصیت کا خول اتر گیا۔ جان کر کہ تم مجھ سے محبت کرتی ہو بے حد خوشی ہوئی تھی من کو۔ پھر ساری کڑیاں خود بخود ملتی چلی گئیں۔ تمہارا پڑھائی میں فیل ہو جانا سال سال بھر میری شکل نہ دیکھنا، میں تمہیں اگنور کرتا تھا تم سے یہ برداشت نہ ہو پاتا تھا۔ تمہارے علاوہ ہر کسی میں [illegible] تھا۔ مجھے اپنی طرف متوجہ کرنے کو تم نے [illegible] نکالا۔ مجھ سے [illegible] لیکن مجھے لگا تم نے غلط راہ کا انتخاب کیا تھا۔ یہ جانتے ہوئے کہ تمہاری پرفارمنس میری وجہ سے خراب رہی ہے۔ میں ساری مقابلہ بازی بھول گیا۔ مجھے خوش ہونا چاہیے تھا کہ [illegible] مجھ سے میری محبت کی دنیا چھین لی تھی اور وہ بھی تمہی

سے الجھ دیا۔ "ہارٹ بریک گنگ سے نہیں۔" آواز
لب سے حد قریب آتی جا رہی تھی۔
"مجھے پھر بھی برا نہ لگا مگر اب جب میں نے بن باس کاٹ لیا صرف تمہارے لیے تو تم نے مجھے ریجیکٹ کر دیا۔ ایسا کیوں کیا تم نے؟" وہ اس کے سامنے آ کھڑا ہوا۔ اس کے بڑھتے قدم رک گئے۔ بارش اب بھی زوروں پر تھی۔ چھم چھم کی آواز اب بھی گونج رہی تھی بجلی کی چمک ہر شے کو منور کر رہی تھی۔ مگر وہ تو جیسے ماحول سے کٹ سے گئے تھے۔ رجائیت علی زیدی اس کے لبوں سے نکلنے والے اک اک لفظ پہ حیران ہو رہی تھی۔ جو جذبے اس نے خود سے بھی چھپا رکھے تھے ان کے رنگ تو عرصہ پہلے سے پہچان چکا تھا۔

"تم نے مجھے ریجیکٹ کیوں کیا؟" وہ کڑے لہجے میں استفسار کر رہا تھا۔ بھوری آنکھیں اس کی آنکھوں میں گڑی تھیں۔ وہ گڑبڑا گئی۔

"وہ عفیرا۔" اس کے بھیگے لبوں پر بے ساختہ مسکراہٹ آگئی۔ نفی میں سر ہلاتے وہ مسکراتی نظروں سے اسے دیکھ رہا تھا۔

"کیا فائدہ ہوا اتنا عرصہ تم سے دور رہنے کا؟ بے وقوف کی بے وقوف ہی رہیں تم عفیرا تو ہوا کا جھونکا تھی طوفان ہوتی تو بھی تمہارے حقوق غصب نہ کر سکتی تھی کیونکہ میں نے عرصہ پہلے اپنا سب کچھ تمہارے نام لکھ ڈالا تھا۔ شاید اسی وقت جب تم اس دنیا میں آئی تھیں اور بڑی ہونے کے باوجود میں صرف تمہیں ہی سوچا کرتا تھا عفیرا نے زیادہ تنگ کیا تو میں نے [illegible] رکھتی ہو۔ وہ [illegible] راستہ بدل گئی۔ [illegible] عفیرا اتفاقاً ملی تھی اسے میرے ساتھ دیکھ کر تم نے [illegible] تمہارے چہرے کے رنگوں نے مجھے غصہ دلا دیا۔ یہ [illegible]
لوگوں کی طرح بازو پر سے اتر گیا۔

"میں نے سوچا تھا آپ اور۔۔۔"
"تم صرف اوٹ پٹانگ باتیں ہی کیوں سوچتی ہو؟"
وہ ایک دم سے سر جھکا گئی۔ اسے اعتراف تھا کہ محبت جتانے کا جو راستہ اس نے ڈھونڈا وہ یقیناً درست نہیں تھا بلکہ شموئن نے اسے جس راستے پہ ڈالا وہ درست تھا۔ وہ جان گئی تھی کہ اک ہی پہلو پہ سوچنے والے نقصان سے ہمکنار ہوتے ہیں صد شکر کہ اس نے اسے بڑے خسارے سے بچا لیا۔ شموئن فریدی نے جینز کی جیبوں کی تلاشی لی اور اس کا ہاتھ باہر آیا تو اس میں نیلم کا وہی لاکٹ تھا جو اس نے ایگزیبیشن میں چھوڑ دیا تھا۔ وہ اس کی متحیر نگاہوں کو دیکھتے ہوئے آگے بڑھا۔

"بے جان پتھروں کے ساتھ مجھے جیتے جاگتے انسانوں کی نفسیات جاننے کا بھی دعوا ہے۔ یہ میں نے اسی دن خرید لیا تھا۔ تمہاری پسندیدگی چھپی نہ تھی مجھ سے۔ بعد میں تم اسی لاکٹ کے لیے دوبارہ گئی اور بک جانے کا سن کر اپ سیٹ ہو گئی تھیں۔" وہ اسے گزرا وقت یاد دلا رہا تھا۔ وہ متحیر اسے دیکھ رہی تھی۔

ادارہ خواتین ڈائجسٹ کے معروف ناول
شائع ہو گئے ہیں
مکتبہ عمران ڈائجسٹ

اس نے اس کی لاتعلقی، بے مروتی پہ کتنا کلستی
تھی۔ وہ تو یہی سمجھے بیٹھی تھی کہ وہ محبت کے رمز سے
ہی واقف نہیں، مغرور اور خود پسند ہے اور اب وہی
شخص بھوری آنکھوں میں محبت کا جہاں بسائے اس
سے اظہار محبت کر رہا تھا۔ اپنا وجود اپنی محبت اس کے
نام لکھ رہا تھا۔ اس نے جھک کر اس کے گلے میں
لاکٹ ڈال دیا۔

"سوچا تھا پھر شگفتہ باندھ کر حجلۂ عروسی میں تمہیں
پہناؤں گا تب سے اٹھائے اٹھائے پھر رہا ہوں مگر یہ
برستی بھیگتی رات بھی بری نہیں بلکہ خاصی رومینٹک
ہے۔" اس کی نظروں، باتوں اور لمس سے وہ سمٹی جائے
جا رہی تھی۔

"تنہائی کا بدلہ تو مجھے ریجیکٹ کر کے لے ہی چکی
ہو اب میرے دل کی تسلی کے لیے ایک بار کہہ دو کہ تم
اب انکار نہیں کرو گی ورنہ پپا، ماما، چاچو، چاچی، ملاوش
سب میرا مذاق اڑائیں گے۔"

"کیا مطلب؟"

"ٹھیک کہہ رہا ہوں، جب میں یہاں سے گیا تب میں نے
سب کو اپنے پلان میں شامل کر لیا تھا اور آج بھی سب
کچھ ایک پلان کے تحت ہوا تھا۔ پپا اپنی گاڑی میں مجھے
یہاں تک چھوڑ گئے تھے اور تمہاری گاڑی کا فیول
نکالنے کا آئیڈیا خود چاچو کا تھا۔" وہ ہنستے ہوئے کہہ رہا
تھا۔ بھیگی لٹ کو کان کے پیچھے کرتی وہ مسکرا دی۔ پھر وہ
سنجیدگی سے گویا ہوا۔ "زندگی ایک بار ملتی ہے اور مجھ
[illegible]
[illegible]
لگے ہیں۔ تو ہم کیوں نہ ایسے کام کر جائیں جو
[illegible]
گزار رہا ہے۔ میں اپنے ملک کے معماروں میں
[illegible]
[illegible]
کرنا چاہتا ہوں کیا تم اس مشن میں میرا ساتھ دو

گی؟" رجائیت علی زیدی بے ساختہ اسے دیکھتی رہی۔
کتنے اچھے افکار و خیالات تھے اس کے کتنا محب وطن
تھا جو ملک کے معماروں کے لیے متفکر نظر آ رہا تھا
ورنہ اس کا کیا تھا۔ آرام سے امریکہ، کینیڈا سدھارتا
اور ڈالرز میں کھیلتا۔ اس کی انفرادیت تو اس کے افکار
میں پوشیدہ تھی۔

"آپ ہر سفر میں مجھے ہم قدم پائیں گے۔"

"پھر بھی متفکر ہو کیوں؟" چند بوندیں اس کے
لبوں پر گرتے دلچسپی سے دیکھا۔

"آپ میری تنہائی کم کر دیجیے گا۔"

"اور بدلے میں تم میرا چین، سکون چھین لو گی۔"
اس کے عاجزانہ انداز پہ وہ ہنس پڑی۔

"سوچ رہا ہوں تنہائی کا انداز بدل دوں۔" بھوری
آنکھوں کے شوخ زاویے نے اسے رخ پھیرنے پہ
مجبور کر دیا۔ اس کی شریر نظروں نے اس خوب
صورت انداز کو نگاہوں میں مقید کر لیا۔

"اک راز کی بات بتاؤں؟" مجسس نظروں سے وہ
اس کے لبوں پہ پھیلی مسکراہٹ کو دیکھنے لگی۔

"میں نے اپنے سسٹم کے والپیپر پہ تمہاری
تصویر لگائی ہوئی ہے۔" وہ جو کسی خاص بات کی توقع کر
رہی تھی غیر متوقع جملہ سن کر اس کے لب ملے کے
کھلے رہ گئے۔

"مجھ پہ چھا جانے والی ہستی مل گئی ہے مجھے۔" وہ سر
جھکا گئی۔ برستی بوندیں جلترنگ بجا رہی تھیں۔ بادل
گرج رہے تھے۔ بجلی چمک رہی تھی۔ ماحول میں اک
سحر انگیز سا نکھار آ گیا تھا۔ ایسے میں دو حواسوں کے ساتھ
دل دھڑک رہے تھے۔ ساتھ چلنے کے شگون قبول
[illegible] ہاتھ بے ساختہ اس کی طرف پھیلا تب
اس نے جھجکتے ہوئے اپنا ہاتھ اس کے ہاتھ میں
دے دیا۔